ادارہ

مسافرانِ آخرت

☆ **حضرت مولانا محمد یوسف خان (پلندری) رحمتہ اللہ علیہ**

شیخ الحدیث، حضرت مولانا محمد یوسف خاں (پلندری، آزاد کشمیر) ۱۲ر ستمبر کو انتقال فرما گئے۔ قائد احرار سید عطاء المہیمن بخاری اور عبداللطیف خالد چیمہ نے مولانا مرحوم کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے ان کی طویل دینی و علمی خدمات اور ہر محاذ پر اہل حق کی نمائندگی کے نمایاں کردار کو خراج عقیدت پیش کیا۔ عبداللطیف خالد چیمہ نے مولانا مرحوم کے فرزند ارجمند مولانا سعید یوسف کو فون کر کے قائد احرار اور جماعت کی طرف سے تعزیت کا اظہار کیا اور کہا کہ مولانا مرحوم اکابر اہل حق کے مضبوط کردار کی علامت تھے ان کی رحلت کا صدمہ پورے عالم اسلام کا غم ہے۔

☆ **راجہ رشید احمد مرحوم:**

دارالعلوم ختم نبوت چیچہ وطنی کے سابق طالب علم مولانا حافظ عمر رشید (فاضل مدینہ یونیورسٹی) کے والد گرامی حاجی رشید احمد گزشتہ دنوں راولپنڈی کے قریب اپنے آبائی گھر میں انتقال کر گئے۔ وہ کچھ عرصہ سے علیل تھے۔ مرحوم ایک طویل عرصہ مدینہ منورہ قیام پذیر رہے اور اپنی ذاتی مصروفیت کے علاوہ مہمانانِ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور حجاج کرام کی خدمت میں مصروف رہتے۔ مرحوم، حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری کے بے تکلف دوستوں میں سے تھے۔ حضرت پیر جی مدظلہ العالی، عبداللطیف خالد چیمہ، سید محمد کفیل بخاری اور قاری محمد قاسم نے مرحوم کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا اور دعائے مغفرت کی ہے۔

☆ **میاں نور محمد مرحوم:**

دارالعلوم ختم نبوت چیچہ وطنی کے قدیم ساتھی و استاذ حافظ حبیب اللہ رشیدی کے تایا اور قاری غلام مصطفیٰ (استاذ مدرسہ رحیمیہ چک نمبر ۴۲-۱۲) کے چچا میاں نور محمد (چک نمبر ۵۷ ڈی، ملکہ ہانس) ۲۴ر ستمبر بروز جمعتہ المبارک انتقال کر گئے۔

☆ **حکیم حافظ فتح محمد رحمہ اللہ:** مجلس احرار اسلام ملتان کے قدیم، مخلص اور بے لوث کارکن اور حکیم محمد مغیرہ کے والد ماجد۔ انتقال: ۲۸ر رمضان المبارک ۱۴۳۱ھ، ۸ر ستمبر ۲۰۱۰ء

☆ **حاجی کریم بخش مرحوم:** بخاری اکیڈمی ملتان کے منتظم جام ریاض احمد کے چچا، انتقال ۲۹ر اگست ۲۰۱۰ء

☆ **والدہ مرحومہ فرحان الحق حقانی:** انتقال ۲۰ر ستمبر ۲۰۱۰ء ملتان